اداریہ

المعارف کا نیا شمارہ پیشِ خدمت ہے۔

اس میں ایک اہم مضمون سیّد سعادت اللہ حسینی صاحب کا ہے جنھوں نے مابعد جدیدیت، یعنی پوسٹ ماڈرن ازم، کے بنیادی تعقلات (concepts) کو قابلِ تعریف حد تک سادہ اور سلیس زبان میں پیش کیا ہے اور اس کے بنیادی تصوراتی ڈھانچے کی معروضی وضاحت کے بعد اسلامی نقطۂ نظر سے اُس کا تجزیاتی مطالعہ بھی پیش کیا ہے۔

محمد شفیع بلوچ صاحب نے اُمتِ مسلمہ کے زوال کے اسباب پر روشنی ڈالی ہے۔ اس موضوع پر اگرچہ بہت کچھ لکھا گیا ہے، تاہم ہم توقع کرتے ہیں کہ قارئین کو اس مضمون میں زوال کے چند اہم اسباب کو نئے نقطۂ نظر سے دیکھنے کا موقع ملے گا۔

ادارہ ثقافتِ اسلامیہ کی کوشش یہ ہے کہ المعارف کو ایک ممتاز فکری اور ذہنی (intellectual) مجلہ بنایا جائے۔ اس لئے ادارے کو صاحبانِ فکر و دانش کے تعاون کی ضرورت ہے۔ موجودہ شمارہ کے نسخے پاکستانی یونیورسٹیوں اور دوسرے علمی و ادبی اداروں کو اس خواہش کے ساتھ بھیجے گئے ہیں کہ اہلِ علم و دانش اس جریدہ کی طرف توجہ فرمائیں گے اور اس کا معیار بہتر بنانے میں مددگار ہوں گے۔